فوری ریلیز کے لیے: 20/4/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

تعمیراتی سیزن شروع ہونے پر گورنر HOCHUL نے ریاست بھر میں ورک زونز میں حفاظتی کوششوں پر روشنی ڈالی اور ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ منایا

تھرو وے اتھارٹی نے ورک زون میں حفاظت کے نئے PSA "گھر جانے میں ہماری مدد کریں" کا آغاز کیا جس میں نیو یارک بھر سے مرمتی کام کرنے والے عملے کو شامل کیا گیا

"آپریشن ہارڈ ہیٹ" اور آٹومیٹڈ ورک زون سپیڈ انفورسمنٹ پروگرام موسمِ بہار اور موسمِ گرما کے مہینوں کے دوران ہائی وے کارکنان کے تحفظ میں اضافہ کریں گے

نیو یارک بھر میں ہائی وے کارکنان کے اعزاز میں پیر 20 اپریل کو مشہور ریاستی مقامات کو نارنجی رنگ سے روشن کیا جائے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ منانے کا آغاز کیا، 20 اپریل سے 24 اپریل تک چلنے والی ہفتہ بھر مہم جو ریاست بھر میں ورک زون میں حفاظت کو فروغ دیتی ہے، ڈرائیوروں پر زور دیتی ہے کہ وہ رفتار کم کریں، چوکنا رہیں اور ریاست نیو یارک کے لین تبدیل کر کے گزر جانے کے قانون (Move Over Law) پر عمل کریں تاکہ ہائی وے اور سڑک کے کنارے کام کرنے والوں کی حفاظت کی جا سکے۔ اس سال کا قومی موضوع ہے "محفوظ اقدامات زندگیاں بچاتے ہیں"۔

"سڑک کنارے کام کرنے والے ہر کارکن کا حق ہے کہ وہ اپنی شفٹ کے اختتام پر محفوظ طریقے سے گھر واپس پہنچے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ورک زونز میں دخل اندازی کے واقعات کی تعداد تشویشناک ہے اور یہ ظاہر کرتی ہے کہ بہت سارے ڈرائیور اب بھی قانون کو نظر انداز کر رہے ہیں اور جانوں کو خطرے میں ڈال رہے ہیں۔ ورک زون کام کرنے کی فعال سائٹس ہیں، اور ڈرائیور کی بے صبری یا عدم توجہ زندگی کو بدلنے والے نتائج کا باعث بن سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم قانون کے مضبوط تر نفاذ پر زور دے رہے ہیں اور بار بار خلاف ورزی کرنے والوں کے لیے سخت سزاؤں پر زور دے رہے ہیں، اور اسی وجہ سے میں ہر ڈرائیور کو رفتار کم کرنے، چوکنا رہنے اور لائیو ٹریفک سے محض چند فٹ کے فاصلے پر کام کرنے والے لوگوں کا احترام کرنے کی تاکید کر رہی ہوں۔ سٹیئرنگ کے پیچھے محفوظ اقدامات واقعی جان بچاتے ہیں"۔

برسوں کی پیش رفت کے باوجود، ورک زون نیو یارک کی شاہراہوں پر خطرناک ترین جگہوں میں سے ایک ہیں۔ مسلسل تین سال کی کمی کے بعد، نیو یارک سٹیٹ تھرو وے پر ورک زون کے اندر گاڑیاں ٹکرانے کے واقعات سنہ 2025 میں سنہ 2020 کے بعد اپنی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے، گاڑیاں ٹکرانے کے 228 واقعات کے نتیجے میں 28 افراد زخمی ہوئے۔ یہ واقعات بنیادی طور پر تیز رفتاری، بے دھیانی سے ڈرائیونگ کرنے، بہت قریب سے گزرنے، غیر محفوظ طریقے سے لین تبدیل کرنے اور انتباہی علامات اور فلیگر ہدایات پر عمل کرنے میں ناکامی کی وجہ سے ہوتے ہیں — ایسے رویے جو کارکنوں اور موٹرسواروں دونوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔

ورک زون کے اندر گاڑیاں ٹکرانے کے واقعات کے اثرات کو تقویت دینے کے لیے، ریاست نیو یارک کی تھرو وے اتھارٹی ایک ورک زون کے اندر حفاظت کے متعلق تحفظِ عامہ کا ایک اعلان شروع کر رہی ہے جس کا عنوان ہے، "گھر جانے میں ہماری مدد کریں۔" تحفظِ عامہ کے اعلان (PSA) میں ریاست بھر سے تھرو وے محکمے کا مرمتی

کام کرنے والا عملہ شامل ہے جو نیو یارک کی شاہراہوں کی دیکھ بھال اور مرمت کے دوران ڈرائیوروں سے ان خطرات کے بارے میں براہِ راست بات کرتے ہیں۔

مہم ایک سادہ لیکن طاقتور پیغام کو اجاگر کرتی ہے: ہیلمٹ پہننے والا ہر کارکن کسی کا والد، شریکِ حیات، پڑوسی یا دوست بھی ہوتا ہے، اور ہر دن کے اختتام پر وہ بحفاظت گھر واپس آنے کا حق دار ہے۔

ریاست نیو یارک کا محکمۂ آمد و رفت (New York State Department of Transportation, NYSDOT) موٹر سواروں کو یہ یاد دہانی کروانے کے لیے ایک ریاست گیر عوامی تعلیمی مہم بھی شروع کر رہا ہے کہ ورک زون میں ان کے ڈرائیونگ کے انتخاب کے حقیقی دنیا والے نتائج ہوتے ہیں۔ موٹر گاڑیاں چلانے والے جو ہائی وے ورک زونز میں تیز رفتاری سے یا بے دھیانی میں گاڑی چلانے کا انتخاب کرتے ہیں وہ سڑک پر کام کرنے والے کارکنوں اور اپنی جانوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں۔ مہم، گاڑی چلانے والوں کی رفتار کم کرنے، توجہ دینے اور ورک زون میں لین بدل کر آگے بڑھ جانے یا رفتار سست کرنے کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، اس میں سوشل میڈیا پر اشتہارات، آڈیو اور ویڈیو کی نشریات، براڈکاسٹ ریڈیو، بل بورڈز اور بس ٹیل کے ساتھ ساتھ گیس سٹیشنوں پر اشتہارات شامل ہیں۔

ریاستی محکمۂ آمد و رفت نے اپنی تاریخ میں 59 کارکنوں کو فرائض کی انجام دہی کے دوران کھو دیا ہے۔ سنہ 2025 میں، NYSDOT کی ملکیتی سڑکوں پر ورک زون کے 366 حادثے ہوئے جن کے نتیجے میں 58 زخمی اور دو اموات ہوئیں۔ Robert Bornt (رابرٹ بورنٹ)، NYSDOT کا ہائی وے پر کام کرنے والا مرمتی کارکن، 30 مئی 2025 کو ریاستی روٹ 7 پر کام کرتے ہوئے ایک گاڑی کی زد میں آکر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ Robert (رابرٹ)، جس کا تعلق ہُوسک فالز، رینسیلر کاؤنٹی سے تھا ایک مخلص شوہر، باپ، رضاکار فائر چیف اور اپنی کمیونٹی کا ستون، اور NYSDOT خاندان کا ایک پیارا رکن تھا۔ عوامی تعلیم کی مہم Robert (رابرٹ) کی یاد اور ان تمام لوگوں کے لیے وقف ہے جو سفر کرنے والے عوام کے لیے سڑکوں کو محفوظ بنانے کے لیے اپنا کام کرتے ہوئے بے حسی سے مارے گئے ہیں۔

آپریشن ہارڈ ہیٹ (Hardhat) کی تفصیلات
ورک زون سے آگاہی کے قومی ہفتے سے آغاز کرتے ہوئے اور موسمِ بہار اور موسمِ گرما کے مہینوں میں جاری رکھتے ہوئے، ریاست نیو یارک کی پولیس اور قانون نافذ کرنے والے مقامی ادارے ریاست بھر میں تھرو وے اور ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمد و رفت کے فعال ورک زونز میں دوبارہ "آپریشن Hardhat" کی تفصیلات کریں گے۔

آپریشن Hardhat کے تحت، ریاستی دستے اور حصہ لینے والے مقامی پولیس افسران، جو اکثر ہائی وے کارکنان کے طور پر ملبوس ہوتے ہیں، قانون کی خلاف ورزی کرنے والے گاڑی چلانے والوں کی نشاندہی کرتے ہیں اور انہیں جرمانے کا ٹکٹ جاری کرتے ہیں بشمول:

- ورک زون میں تیز رفتاری
- جھنڈی دکھانے والے اہلکاروں کی نافرمانی
- سیل فون کا استعمال اور سیٹ بیلٹ کے قانون کی خلاف ورزی
- ریاست کے موو اوور قانون پر عمل کرنے میں ناکامی

نفاذ کی یہ اہدافی کوششیں خطرناک رویوں کو روکنے اور ورک زون کو محفوظ رکھنے کے لیے ڈرائیوروں کی مشترکہ ذمہ داری کو تقویت دینے کے لیے ڈیزائن کی گئی ہیں۔
سنہ 2025 کے تعمیراتی سیزن کے دوران، ریاست نیو یارک کی پولیس نے ریاست بھر میں 55 آپریشن ہارڈ ہیٹس کیے اور کل 3,217 ٹکٹ جاری کیے۔

آٹومیٹڈ ورک زون سپیڈ انفورسمنٹ

گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، نیو یارک اپنے آٹومیٹڈ ورک زون سپیڈ انفورسمنٹ (Automated Work Zone Speed Enforcement, AWZSE) پروگرام کو وسعت دینا جاری رکھے ہوئے ہے، جو NYSDOT اور تھرو وے اتھارٹی کی مشترکہ کاوش ہے جسے سنہ 2021 میں قانون سازی کے ذریعے قائم کیا گیا تھا۔
ڈرائیور کے رویے کو تبدیل کرتے ہوئے اور کارکنوں کی حفاظت میں مدد کرتے ہوئے، یہ پروگرام ورک زون میں رفتار کو کم کرنے میں کارگر ثابت ہوا ہے جہاں کیمرے نصب ہیں۔ پروگرام کے تحت جرمانے درج ذیل ہیں:

- ذمہ داری کا پہلا نوٹس: $50
- ذمہ داری کا دوسرا نوٹس: 18 ماہ کے عرصے میں $75
- تیسرا اور اس کے بعد ذمہ داری کے نوٹس: 18 ماہ کے عرصے میں $100

گورنر Hochul (ہوکل) کی مالی سال 2027 کے ایگزیکٹو بجٹ کی تجویز میں ہائی وے کارکنان کے لیے حملے کے بہتر حفاظتی اقدامات، ہائی وے کارکنان کو ڈرانے اور فعال ورک زونز میں دخل اندازی پر نئے جرمانے، اور AWZSE پروگرام کو اضافی روڈ ویز تک پھیلانا، سڑک کے کنارے کام کرنے والے کارکنان کے لیے مزید مضبوط حفاظتی اقدامات شامل ہیں۔

ڈرائیوروں کے لیے حفاظتی یاد دہانیاں
ڈرائیوروں کو یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ:

- جب کام کے علاقوں کے قریب پہنچیں اور ان میں سے گزریں تو رفتار آہستہ کر لیں
- رکی ہوئی تمام گاڑیوں، ہنگامی حالات میں کام کرنے والے امدادی کارکنان اور سڑک کنارے کام کرنے والے کارکنان کے لیے لین تبدیل کرتے ہوئے راستہ اختیار کریں
- فون استعمال نہ کریں اور دیگر توجہ بٹانے والے کاموں کی طرف دھیان نہ دیں
- آویزاں نشانات، لین کی تبدیلی کی ہدایات اور فلیگر کی ہدایات پر عمل کریں

ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ ایک سالانہ یاد دہانی کے طور پر کام کرتا ہے کہ ورک زون عارضی ہوتے ہیں، لیکن غیر محفوظ ڈرائیونگ کے نتائج ہمیشہ کے لیے رہ سکتے ہیں۔
حفاظت ایک مشترکہ ذمہ داری ہے۔ مل کر کام کرتے ہوئے، ہم گاڑیاں ٹکرانے کے واقعات میں کمی لا سکتے ہیں اور کارکنوں اور ڈرائیوروں، دونوں کے لیے سڑکوں کو مزید محفوظ بنا سکتے ہیں۔

ورک زون سے آگاہی کے قومی ہفتے اور کام کے علاقوں میں ڈرائیونگ کے دوران محفوظ رہنے سے متعلق مزید معلومات کے لیے ریاست کی جامع ویب سائٹ ny.gov/workzone ملاحظہ کریں۔

ریاست نیو یارک بھر میں ہائی وے کارکنان کے اعزاز میں Go Orange Day کے لیے آج شام، 20 اپریل کو مندرجہ ذیل 14 مشہور ریاستی مقامات کو نارنجی رنگ میں روشن کیا جائے گا:

- WTC 1
- گورنر ماریو ایم کیومو برج (Governor Mario M. Cuomo Bridge)
- کوزی اوشکو برج (Kosciuszko Bridge)
- دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ
- سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ (State Education Building)
- الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ (Alfred E. Smith State Office Building)
- ایمپائر سٹیٹ پلازہ
- سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر
- نیاگرا فالز
- "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)
- گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ
- البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے (Albany International Airport Gateway)
- ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل (Fairport Lift Bridge over the Erie Canal)
- روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

ریاست نیو یارک کی تھرو وے اتھارٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Frank G. Hoare (فرینک جی ہوئر) نے کہا، "تھرو وے پر ورک زون کے اندر گاڑیوں کے ٹکرانے کے واقعات میں حالیہ اضافہ ناقابلِ قبول ہے۔ مرمتی عملہ ہماری شاہراہوں کو برقرار رکھنے اور جدید بنانے کے لیے ہر روز خود کو نقصان کے خطرے میں ڈالتا ہے، اور ہم کم از کم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ڈرائیور ہمارے کارکنوں کو محفوظ طریقے سے گھر پہنچنے میں مدد کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ یہ صرف ایک ہفتے کے لیے درخواست نہیں ہے، یہ روزمرہ کی ذمہ داری ہے۔ ان کی غیر متزلزل حمایت اور ہائی وے کارکنان کو مضبوط نفاذ، عوامی آگاہی اور خطرناک ڈرائیونگ کے رویوں کے لیے جوابدہی کے ذریعے تحفظ فراہم کرنے کے ساتھ جاری وابستگی کے لیے میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں"۔

ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمد و رفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez (میری تھیریس ڈومینگیز) نے کہا، "ہماری افرادی قوت - ہماری ٹیم کے ارکان کی حفاظت اور بہبود سے زیادہ اہم کچھ نہیں ہے۔ ریاستی محکمۂ آمد و رفت میں ہم لوگوں کے لیے ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ یہ NYSDOT کے ہائی وے مینٹیننس سپروائزر Robert Bornt (رابرٹ بورنٹ) کی فرائض کی انجام دہی کے دوران موت کی ایک سالہ برسی سے صرف ہفتوں کی دوری پر ہے۔ Robert (رابرٹ) اپنی برادری کا ایک اہم فرد تھا اور اپنے کام کے دن کے اختتام پر اپنے گھر والوں کے پاس جانے کا حق دار تھا۔ اس کی بجائے، گزشتہ مئی میں، وہ ورک زون میں ایک گاڑی کی زد میں آ کر جاں بحق ہو گیا تھا۔ ہم اپنے شاہراہوں، پُلوں اور آمد و رفت کے شعبے کے کارکنوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کے لیے وقف ہیں اور ہم گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کے بے حد شکرگزار ہیں کہ انہوں نے ورک زون میں مداخلت، جوابدہی اور نفاذ کے خلاف بہتر تحفظات کے ذریعے اپنی افرادی قوت کی حفاظت کے لیے اپنے انتھک عزم کا اظہار کیا۔ میری سفر کرنے والے عوام سے التجا ہے کہ ورک زونز میں بہت احتیاط برتیں کیونکہ تعمیراتی سیزن تیزی سے جاری ہے۔ ہمارا عملہ آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے ہر روز وہاں موجود ہو گا۔ براہِ کرم انہیں محفوظ رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں"۔

ریاست نیو یارک کی برج اتھارٹی کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر ڈاکٹر Minosca Alcantara (منوسکا الکانتارا) نے کہا، "ورک زون سے آگاہی کے قومی ہفتے کا سالانہ منایا جانا ہماری سڑکوں اور پُلوں پر حفاظت کی اہمیت کے ساتھ ساتھ ان کی دیکھ بھال کرنے والے مخلص سرکاری ملازمین کی حفاظت کی ضرورت کی ایک اہم یاد دہانی کا کام کرتا ہے۔ ورک زون میں چوکس رہنا اور سست روی ناصرف ڈرائیوروں کے لیے ضروری ہے، بلکہ اس کا مطلب ہماری سڑک اور پُل کے عملے کے لیے زندگی اور موت کے درمیان فرق ہو سکتا ہے۔ محفوظ اقدامات زندگیاں بچاتے ہیں، اور ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے حصے کا کام کریں۔ برج اتھارٹی گورنر Hochul (ہوکل)، مقننہ، اور ہمارے محکمۂ آمد و رفت کے ساتھیوں کا کارکنوں اور سفر کرنے والے عوام کے لیے حفاظت کو بہتر بنانے کے ساتھ مسلسل وابستگی کے لیے شکریہ ادا کرتی ہے"۔

ریاست نیو یارک کے پولیس سپرنٹنڈنٹ Steven G. James (سٹیون جی جیمز) نے کہا، "ریاست نیو یارک کی پولیس کا ایک بنیادی مشن ہائی وے کی حفاظت ہے، اور ہم اس ذمہ داری کو سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ ہماری ریاست کی سڑکوں پر ہر روز اپنی ملازمتیں انجام دینے والے خواتین و حضرات کو متعدد چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے — تیز رفتار گاڑیاں چلانے والوں، بے دھیانی سے یا حالتِ غیر میں ڈرائیوروں اور دیگر لاپرواہ رویوں سے۔ جیسے ہی ہم تعمیراتی سیزن کا آغاز کرتے ہیں اور ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ مناتے ہیں، ہم اس بات کو یقینی بنانا جاری رکھیں گے کہ قوانین کا نفاذ ہو اور موٹرسوار ورک زون میں محفوظ ڈرائیونگ کے طریقوں پر عمل کریں۔ یہ اقدامات جانیں بچا سکتے ہیں اور احمقانہ سانحات کو روک سکتے ہیں"۔

ریاست نیو یارک کے موٹر گاڑیوں کے محکمے کے کمشنر اور گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی کے سربراہ Mark J.F. Schroeder (مارک جے ایف شروڈر) نے کہا، "ایک طویل موسمِ سرما کے بعد، آپ مزید کارکنوں کو ہماری سڑکوں کو ٹھیک کرتے ہوئے دیکھیں گے۔ خواہ وہ کنکریٹ کے ڈیوائیڈرز لگا کر محفوظ بنائے گئے ہوں یا نارنجی کونیں لگا کر، میری نیو یارک کے تمام باشندوں سے گزارش ہے کہ وہ رفتار کو سست کرکے اور لین تبدیل کر کے آگے بڑھ کر ہمارے عملے کو محفوظ رکھنے میں مدد کریں۔ اور، ہمیشہ کی طرح، ہم ڈرائیوروں سے کہتے ہیں کہ وہ

چوکس رہیں، بے توجہی کو کم سے کم کریں، اپنے اور دوسری گاڑیوں کے درمیان کچھ فاصلہ رکھیں اور تیز رفتاری نہ کریں"۔

MTA Bridges and Tunnels کی چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر Diane Kenneally (ڈیانے کینیلے) نے کہا، "ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ ایک اہم یاد دہانی ہے کہ ہر کون، رکاوٹ اور لین کی پابندی کے پیچھے صرف ایک مخلص کارکن ہی نہیں ہے بلکہ کسی کا عزیز بھی ہے۔ MTA Bridges and Tunnels نے خود دیکھا ہے کہ کس طرح آٹومیٹڈ ورک زون سپیڈ انفورسمنٹ پروگرام ڈرائیور کے رویے کو تبدیل کر سکتا ہے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے اس پہل کاری کو MTA Bridges and Tunnels تک وسیع کیا اور عملے کی حفاظت کے ساتھ اپنی ثابت قدمی کے عزم کا اظہار کیا جو ہر روز ہماری کراسنگ کو برقرار رکھتے ہیں"۔

ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney (جیرمی کوونی) نے کہا، "ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ، ڈرائیوروں کو یہ بات یاد دلانے کا ایک موقع ہے کہ وہ رفتار کم رکھیں، محفوظ ڈرائیونگ کریں، اور سڑک کے قواعد کی پابندی کریں۔ ہمارے شاہراہوں کے ملازمین ہر روز محنت سے کام کرتے ہیں تاکہ ہماری سڑکیں بہتر ہوں اور ڈرائیور اپنی منزلِ مقصود تک پہنچ سکیں، اور یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ان کے کام کے دوران ان کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ نیو یارک کے تمام شہریوں کو ہماری سڑکوں پر محفوظ رکھنے کے لیے مسلسل شراکت داری کرنے پر میں گورنر Hochul (ہوکل)، تھروے اتھارٹی اور NYSDOT کا شکر گزار ہوں"۔

رکنِ اسمبلی William B. Magnarelli (ولیم بی میگناریلی) نے کہا، "اسمبلی کی ٹرانسپورٹیشن کمیٹی کے چیئر کے طور پر، میں نے ہمیشہ ورک زون کی حفاظت کو ترجیح دی ہے۔ ورک زون میں تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے کا کوئی جواز ہی نہیں۔ ہمارے کارکن کام کرنے کے محفوظ ماحول کے مستحق ہیں۔ انہیں اپنی شفٹوں کے اختتام پر اپنے خاندانوں اور عزیزوں کے پاس گھر لوٹنے کے قابل ہونا چاہیے۔ سنہ 2021 میں، میں نے اپنے کارکنوں کی حفاظت کے لیے اور موٹر سواروں کو اس بات سے آگاہ کرنے کے لیے اپنی شاہراہوں پر ورک زون سیفٹی کیمرے لگانے کے لیے ایک پائلٹ پروگرام کو سپانسر کیا اور منظور کروایا کہ سٹیئرنگ وہیل کے پیچھے ان کے افعال کے نتائج نکلتے ہیں۔ اس پائلٹ پروگرام کو وسیع کر دیا گیا ہے - اور یہ کارگر ہے۔ ہم اپنے کارکنوں کو محفوظ رکھنے کے لیے جو بھی ضروری ہوا، کرتے رہیں گے"۔

ایسوسی ایٹڈ جنرل کنٹریکٹرز آف نیو یارک سٹیٹ کے صدر اور سی ای او Mike Elmendorf (مائیک ایلمینڈورف) نے کہا، "ورک زون میں حفاظت سے آگاہی کا قومی ہفتہ ایک اہم یاد دہانی ہے کہ ہر کون، رکاوٹ، اور لین بند ہونے کے پیچھے خواتین و حضرات ہیں جو نیو یارک کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیرِ نو اور مضبوطی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ یہ ہمارے پڑوسی ہیں — ہنر مند پیشہ ور افراد جو ہم سب کو متحرک اور محفوظ رکھنے کے لیے یہ اہم کام کر رہے ہیں — اور جو خود ہر دن کے اختتام پر بحفاظت گھر واپس آنے کے حق دار ہیں۔ ورک زون کی حفاظت کو ترجیح دینے میں ہم گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل قیادت کی تعریف کرتے ہیں، اور ہم ڈرائیوروں کو تاکید کرتے ہیں کہ وہ رفتار کم کریں، چوکنا رہیں، اور ورک زون کا احترام کریں۔ ہم مقننہ سے بھی گزارش کرتے ہیں کہ وہ ایگزیکٹو بجٹ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی طرف سے پیش کردہ ورک زون میں حفاظت کی دو اہم تجاویز کو اپنائے — آخر کار اس سال ہائی وے کارکنان کے لیے وہی حفاظتی اقدامات فراہم کرنا جو سفری کارکنان تک وسیع کیے گئے ہیں اور نیو یارک کے کامیاب آٹومیٹڈ ورک زون سپیڈ انفورسمنٹ پروگرام کی توسیع۔ زندگیوں کا انحصار اس پر ہے۔"

امریکن کونسل آف انجینئرنگ کمپنیز آف نیو یارک (ACEC نیو یارک) کے صدر اور سی ای او John T. Evers (جان ٹی ایورز)، پی ایچ ڈی نے کہا، "سفر کے لیے بہت زیادہ استعمال ہونے والی نیو یارک کی سڑکیں مستقل مرمت اور دیکھ بھال کا تقاضہ کرتی ہیں، لیکن سڑک کے کنارے کام کرنے والے ہر کارکن کو اس وقت بہتر طور پر محفوظ کیا جانا چاہیے جب وہ ریاست بھر میں اس اہم کام کو انجام دے۔ اسی لیے ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ بہت اہم ہے کیونکہ یہ تمام ڈرائیوروں کے لیے اپنی رفتار کو کم کرنے اور ان ورک زونز سے گزرتے وقت چوکس رہنے کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ ایک بے توجہی سے گاڑی چلانے والے ڈرائیور کے مہلک نتائج ہو سکتے ہیں، اور نیو یارک کی انجینئرنگ کمیونٹی کی آواز کے طور پر، ہم خودکار رفتار کے نفاذ کی ریاست بھر میں توسیع اور محکمۂ

آمد و رفت کے کارکنوں کو زخمی کرنے والوں کے لیے سزا میں اضافے کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ ان مخلص خواتین و حضرات کی حفاظت کا مطلب ہماری برادریوں اور ہماری معیشت کی حفاظت کرنا ہے"۔

نیو یارک سٹیٹ AFL-CIO کے صدر Mario Cilento (ماریو سلینٹو) نے کہا، "صرف چند دنوں میں، ہم ان لوگوں کے اعزاز میں ورکرز میموریل ڈے منائیں گے جنہوں نے ملازمت پر اپنی جانیں گنوائیں۔ ورک زون میں حفاظت میں بہتری کے باوجود، نیو یارک کے روڈ ویز پر ورک زون کام کرنے کے لیے سب سے خطرناک جگہوں میں شامل ہیں۔ کسی بھی کارکن کو اپنی ملازمت کی انجام دہی کے دوران اپنی جان گنوانے کا خوف لاحق نہیں ہونا چاہیے، اور کسی خاندان پر وہ وقت نہیں آنا چاہیے جب اپنے کسی پیارے کی ایسی موت پر سوگوار ہونا پڑتا ہے کہ جو بچائی جا سکتی تھی اور مکمل طور پر قابل گریز سڑک کے حادثے کے نتیجے میں ہوئی۔ ہم کارکنوں کی حفاظت کو ترجیح دینے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور ہماری سڑکوں کو محفوظ رکھنے والے افرادی قوت کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے کمشنر Dominguez (ڈومنگیز) اور تھرو وے کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Hoare (ہوئر) کی تعریف کرتے ہیں"۔

Construction Industry Council of Westchester and Hudson Valley Inc. کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر John Cooney Jr. (جان کُونی جونیئر) نے کہا، "ورک زون صرف سفر کا حصہ نہیں ہیں؛ یہ کسی کے کام کی جگہ ہیں، اور پھر بھی وہ بہت زیادہ خطرناک ہیں۔ گاڑیوں کے ٹکرانے کے واقعات میں حالیہ اضافہ اس بات کی یاد دہانی ہے کہ روزمرہ کی ڈرائیونگ کی عادات — جیسے تیز رفتاری، اپنا فون چیک کرنا، یا اشاروں پر توجہ نہ دینا — ان علاقوں میں سنگین نتائج کا باعث بن سکتی ہیں۔ ہر کون اور ہر ہیلمٹ کے پیچھے ایک حقیقی شخص ہوتا ہے، ایک ایسا شخص جس کے اہلِ خانہ گھر میں اس کے منتظر ہوتے ہیں۔ تعمیراتی صنعتی کونسل میں، ہم ڈرائیوروں سے کہہ رہے ہیں کہ وہ اضافی سیکنڈ لیں، رفتار کم کریں اور توجہ مرکوز رکھیں۔ یہ ایک چھوٹی سی تبدیلی ہے جو زندگی بچانے میں فرق پیدا کر سکتی ہے اور اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کر سکتی ہے کہ دن کے اختتام پر ہر کوئی بحفاظت گھر پہنچ جائے"۔

نیو یارک سٹیٹ بلڈنگ ٹریڈز کے صدر Gary LaBarbera (گیری لا باربیرا) نے کہا، "تعمیراتی سائٹس پہلے سے ہی فطری طور پر خطرناک ہیں اور روڈ ویز اور تیز رفتار ٹریفک کے اضافی خطرات اور کم کنٹرول ہونے والی مختلف شکلیں ہماری شاہراہوں پر کارکنوں کے لیے مسلسل خطرات کو بڑھاتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں ڈرائیوروں کو مسلسل اس بات کی ترغیب دینی چاہیے کہ وہ ورک زونز کے آس پاس زیادہ احتیاط اور ہوشیاری سے گاڑی چلائیں۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل قیادت اور اس اہم مسئلے کے بارے میں آگاہی دینے کے لیے ان کو سراہتے ہیں۔ نیو یارک کے ہر محنت کش، بشمول ہماری سڑکوں پر مصروفِ عمل ہنرمند خواتین و حضرات کا حق ہے کہ ہر شفٹ کے اختتام پر اپنے گھر والوں کے پاس بحفاظت واپس پہنچیں"۔

لانگ آئی لینڈ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Marc Herbst (مارک ہربسٹ) نے کہا، "ہمارے کارکن ہماری سڑکوں کو محفوظ رکھنے اور ہمارے پڑوسیوں کو حرکت میں لانے کے لیے ہر روز خود کو نقصان کے خطرے میں ڈالتے ہیں۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل)، کمشنر Dominguez (ڈومنگیز)، اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر Hoare (ہوئر) کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہماری سڑکوں پر کارکنوں کی حفاظت کو اولین ترجیح دی، اور ٹارگٹڈ انفورسمنٹ اور ورک زون سپیڈ کیمروں کی تعیناتی کے ذریعے ان کے حفاظتی اقدامات کو وسعت دینے کا خاطر خواہ عہد کیا۔ لیکن کارکنوں کو محفوظ رکھنا سٹیئرنگ وہیل کے پیچھے موجود ہر فرد کی بھی ذمہ داری ہے، اور ہم آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ رفتار کم کریں اور ورک زونز میں چوکس رہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہم سب بحفاظت گھر پہنچ سکیں"۔

نیو یارک کنسٹرکشن میٹریلز ایسوسی ایشن کے صدر اور سی ای او Bruce Barkevich (بروس بارکیوچ) نے کہا، "NYMaterials ان منصوبوں کو انجام دینے والے کارکنوں کے لیے ان خطرات، جو انہیں روزانہ کی بنیاد پر نقصان پہنچاتے ہیں، کو اجاگر کرنے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل)، کمشنر Dominguez (ڈومنگیز) اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر Hoare (ہوئر) کے ساتھ کھڑی ہے۔ لیکن یہ آگاہی سال میں صرف ایک دن یا ایک ہفتے کے لیے نہیں ہو سکتی۔ اگر ہم تمام ڈرائیوروں کو ورک زون میں چلتی ہوئی ٹریفک کے ساتھ کھڑے ہونے کا موقع دے سکیں، تو انہیں سمجھ آئے گی کہ ہماری افرادی قوت کس خطرے میں ہوتی ہے۔ ملک بھر میں ریاستیں ورک زون سے آگاہی

کا ہفتہ منا رہی ہیں۔ ہمارے ورک زونز میں واقعات کے رجحانات کو تبدیل کرکے نیو یارک کو ہماری افرادی قوت کے تحفظ میں رہنمائی کرنے دیں۔ بدھ کو Go Orange Day ہے۔ براہِ کرم ہمارے ان بہادر مردوں اور عورتوں کی حمایت میں نارنجی رنگ کی قمیضیں پہنیں جو ہمارے بنیادی ڈھانچے کی تعمیرِ نو کے لیے کام کرتے ہیں"۔

نیو یارک پیومنٹ پرزرویشن ایسوسی ایشن کے صدر Justin Guiles (جسٹن گائلز) نے کہا، "حفاظت سڑکوں کی دیکھ بھال کے کام کا بنیادی اصول ہے؛ سڑکوں کو اچھی حالت میں رکھنا انہیں محفوظ بنانے کا اہم اقدام ہے۔ نیو یارک پیومنٹ پرزرویشن ایسوسی ایشن (NYPPA) گورنر Hochul (ہوکل) کی ورک زون سے آگاہی کے ہفتے پر توجہ مرکوز کرنے کی تعریف کرتی ہے، اور ہم ڈرائیور کی چوکسی کو مزید بڑھانے کے مطالبے میں شامل ہیں۔ ہمارا عملہ نیو یارک کو متحرک رکھنے کے لیے انتھک محنت کرتا ہے؛ ہم ڈرائیوروں سے گزارش کرتے ہیں کہ رفتار کم کر کے، چوکنا رہ کر، اور ان ورک زونز کا احترام کر کے یہ قرض اتاریں جو ہمیں اپنی ریاست کے بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کرنے کی اجازت دیتے ہیں"۔

نارتھ اٹلانٹک سٹیٹس ریجنل کونسل آف کارپینٹرز کے ایگزیکٹیو سیکریٹری Joseph Byrne (جوزف بیرن) نے کہا، "جب کہ ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ ہمیں یاد دہانی کرواتا ہے، 'محفوظ عمل جانیں بچاتے ہیں'، اور ہم گورنر Hochul (ہوکل) کو ان مردوں اور خواتین کے تحفظ میں مسلسل قیادت کے لیے سراہتے ہیں جو ہماری سڑکوں کی تعمیر اور دیکھ بھال کرتے ہیں۔ بہت سارے کارکنوں کو لاپرواہی سے ڈرائیونگ کی وجہ سے خطرناک حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اور حفاظت کی یہ نئی کوششیں ایک واضح پیغام بھیجتی ہیں: رفتار کم کریں، چوکنا رہیں، اور ورک زون کا احترام کریں۔ ہر کارکن دن کے اختتام پر اپنے خاندان کے پاس بحفاظت گھر واپس آنے کا حق دار ہے"۔

نیو یارک ایسوسی ایشن آف ٹاؤنز کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Chris Koetzle (کرس کوٹزلے) نے کہا، "شہر ریاست کی 60 فیصد سے زیادہ سڑکوں کے نگران ہیں، نیو یارک ایسوسی ایشن آف ٹاؤنز ہائی وے ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین اور موٹرسواروں دونوں کے لیے سڑک کی حفاظت کو بہتر بنانے میں گہری سرمایہ کاری اور معاونت کر رہی ہے۔ ہم سفر کرنے والے اور ان کی دیکھ بھال کرنے والے ان تمام لوگوں کے لیے سڑکوں کو محفوظ رکھنے میں گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت کو سراہتے ہیں"۔

نیو یارک سٹیٹ ایسوسی ایشن آف کاؤنٹیز (New York State Association of Counties, NYSAC) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Stephen J. Acquario (سٹیفن جے ایکواریو) نے کہا، "جب ہم اس موسمِ بہار میں سڑک کی تعمیر کے مصروف موسم میں داخل ہو رہے ہیں، تو ہم نیو یارک بھر کے تمام ڈرائیوروں پر زور دیتے ہیں کہ وہ ورک زون میں رفتار کم کریں اور چوکس رہیں۔ ہمارے ہائی وے کے کارکنان سڑکوں اور پُلوں کی مرمت، دیکھ بھال اور بہتری کے لیے وقف ہیں جو ہماری کمیونٹیز کو جوڑتے ہیں، اور ان کی حفاظت کا انحصار ہر موٹرسوار کی چوکسی پر ہے۔ روڈ وے کی حفاظت ایک اجتماعی کوشش ہے، اور اپنے کارکنوں کو محفوظ رکھنے میں ہم سب کی ضرورت ہے۔ آئیے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کریں کہ ہمارے ٹرانسپورٹیشن اور پبلک ورکس ملازمین دن کے اختتام پر بحفاظت گھر واپس لوٹیں"۔

لیبرر'ز انٹرنیشنل یونین آف نارتھ امریکہ کے نائب صدر اور نیو انگلینڈ کے ریجنل مینیجر Donato A. Bianco, Jr. (ڈوناٹو اے بیانکو، جونیئر) نے کہا، "ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ ڈرائیوروں کے لیے ایک اہم یاد دہانی کے طور پر کام کرتا ہے کہ جہاں سڑک کی تعمیر ہو رہی ہو وہاں وہ گاڑیوں کی رفتار کم کریں، چوکنا رہیں اور اضافی احتیاط برتیں۔ بے دھیانی سے یا غیر محفوظ ڈرائیونگ کے لیے کوئی بہانہ نہیں ہے، خاص طور پر ایسے علاقے میں جہاں محنتی مرد اور عورتیں اپنے کام کرنے کی کوشش کر رہے ہوں۔ یہ ہمارے کارکنان کا کام کی جگہ ہے اور ان جاب سائٹس پر ہر ایک LIUNA ممبر کسی کا پیارا ہے، اور وہ سب دن کے اختتام پر بحفاظت گھر واپس آنے کے حق دار ہیں۔ توجہ دینے، حدِ رفتار کی پابندی کرنے اور ورک زون کا احترام کرنے سے، ہم جانیں بچا سکتے ہیں۔ آئیے ہم سب نیو یارک کے ہنر مند کارکنوں کو محفوظ رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں"۔

نیو یارک سٹیٹ پبلک ایمپلائز فیڈریشن کے صدر Wayne Spence (وین سپینس) نے کہا، "ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ ہمیں اپنی سڑکوں کو فعال اور محفوظ رکھنے کے لیے ٹرانسپورٹیشن کارکنان کا شکریہ ادا کرنے اور یہ تسلیم کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ انہیں ہر روز غیر ضروری اور روکے جانے والے خطرات کا سامنا کرنا پڑتا

ہے کیونکہ وہ نیو یارک کے لوگوں کے لیے یہ اہم خدمات فراہم کرتے ہیں۔ شراب یا منشیات کے زیر اثر گاڑی چلانے والوں کی تعداد، جو لاپرواہی سے یا بے دھیانی سے گاڑی چلاتے ہیں، حالیہ برسوں میں نمایاں طور پر بڑھی ہے جس کی وجہ سے زخمیوں میں اضافہ ہوا ہے۔ سنہ 2024 میں، NYS محکمۂ آمد و رفت نے ورک زون میں مداخلت کے 322 واقعات کی اطلاع دی، جس کے نتیجے میں 138 زخمی ہوئے - واضح طور پر یہ ظاہر کرتا ہے کہ گاڑی چلانے والوں اور کارکنوں کی حفاظت کے لیے مزید کچھ کرنے کی ضرورت ہے۔ ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ منا کر، اور نیو یارک سٹیٹ پبلک ایمپلائز فیڈریشن کے 60,000 ارکان کی جانب سے، ہم پالیسی سازوں سے کہتے ہیں کہ وہ آگے بڑھیں اور اس بات کو تسلیم کریں کہ چند لاپرواہ موٹرسواروں کے ذریعے کیے گئے برے انتخاب نے معصوم لوگوں کو بلاوجہ خطرے میں ڈال دیا ہے۔ آمد و رفت سے متعلق محنتی افرادی قوت کے اعتراف میں، ہم پالیسی سازوں پر زور دیتے ہیں کہ وہ گورنر کی طرف سے پیش کردہ متعدد تجاویز کی منظوری دے کر موٹر سواروں کو ان کے اعمال کے لیے جوابدہ ٹھہرانے کے لیے ٹھوس اقدامات کریں"۔

Teamsters Local 456 (ٹیمسٹرز لوکل 456) کے صدر اور پرنسپل آفیسر Louis A. Picani (لوئس اے پیکانی) نے کہا، "ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ صرف ایک مہم نہیں ہے؛ یہ ہر ڈرائیور کی ذمہ داری ہے جو سٹیئرنگ وہیل کے پیچھے چلتا ہے کہ وہ یاد رکھے کہ ہر ہیلمٹ کے پیچھے گھر میں انتظار کرنے والا ایک خاندان ہے۔ ہمارے یونین کے اراکین ہماری سڑکوں پر کچھ انتہائی خطرناک حالات میں کام کرتے ہیں، اور وہ ورک زون سے گزرنے والے ہر ڈرائیور کی پوری توجہ اور احترام کے حق دار ہیں۔ ٹیمسٹرز لوکل 456 گورنر Hochul (ہوکل) اور ریاست نیو یارک کی تھرو وے اتھارٹی کے ساتھ اس بات کو تقویت دینے کے لیے کھڑا ہے کہ احتیاط کا ایک لمحہ زندگی بچا سکتا ہے"۔

CSEA کی صدر Mary E. Sullivan (میری ای سولیوان) نے کہا، "ہماری یونین، گورنر Hochul (ہوکل)، ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمدورفت، اور ریاست نیو یارک کی تھروے اتھارٹی کے ساتھ مل کر 20 اپریل سے 24 اپریل تک ورک زون سے آگاہی کا قومی ہفتہ منا رہی ہے۔ جونہی سڑک پر کام کا موسم شروع ہوتا ہے، ہم محفوظ ڈرائیونگ کی اہمیت پر زور دینا جاری رکھتے ہیں اور ان تمام لوگوں کی حفاظت کے لیے بات کرتے ہیں جو روڈ ویز پر یا اس کے آس پاس کام کرتے ہیں۔ اکثر اوقات ایک لمحاتی بے دھیانی کا نتیجہ صرف اپنا کام کرنے والے کسی کی موت یا زخمی ہو جانا ہے۔ موٹرسوار کے طور پر، ہم سب کو یاد رکھنا چاہیے کہ آہستہ چلنا، چوکنا رہنا، اور لین بدل کر آگے بڑھ جانا۔ ہر کون کے پیچھے کوئی اپنے پیاروں کے ساتھ ان کے گھر آنے کا انتظار کر رہا ہے"۔

نیو یارک سٹیٹ کاؤنٹی ہائی وے سپرنٹنڈنٹس ایسوسی ایشن کے صدر William Geary (ولیم گیری) نے کہا، "نیو یارک کے ورک زونز ہماری معیشت کے لیے بہت اہم ہیں، لیکن یہ ہماری ریاست کو متحرک رکھنے کے لیے سرشار عملے کے لیے زیادہ خطرے والے ماحول بھی ہیں۔ ورک زون سے آگاہی کے قومی ہفتے کے دوران، ہم تیز رفتاری اور بے توجہی سے ڈرائیونگ کے خطرات کو اجاگر کرنے کے لیے گورنر، DOT، اور تھرو وے اتھارٹی کے ساتھ شامل ہیں۔ ہم نیو یارک کے تمام باشندوں پر زور دیتے ہیں کہ وہ اپنے کارکنوں اور ان کے خاندانوں کی حفاظت کے لیے ورک زونز میں ذمہ داری سے گاڑی چلائیں"۔

نیو یارک سٹیٹ ایسوسی ایشن آف ٹاؤن سپرنٹنڈنٹس آف ہائی ویز کے صدر اور ٹاؤن آف کلیرنس کے سپرنٹنڈنٹ James Dussing (جیمز ڈسنگ) نے کہا، "ریاست کے 933 ٹاؤن اور ہمارے 20,000 مقامی ہائی وے ملازمین کی جانب سے، میں ورک زون سے آگاہی کا ہفتہ منانے والے ہر فرد کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ ہماری سڑکوں پر روزانہ کام کرنے والے مرد اور خواتین اپنے گھر والوں کے پاس بحفاظت واپس آنے کے حق دار ہیں۔ بس اتنی سی بات ہے۔ موٹرسواروں اور روڈ وے کارکنان دونوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہماری ایسوسی ایشن کی اولین ترجیح ہے۔ آگاہی بڑھا کر اور ورک زونز میں ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کی حوصلہ افزائی کرکے، ہم غیر ضروری چوٹوں اور اموات کو روکنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ نیو یارک کے تمام لوگوں کے لیے محفوظ سڑکوں کو برقرار رکھتے ہوئے اپنے شاہراہوں پر کام کرنے والے کارکنان کی حفاظت کرنا ایک مشترکہ ذمہ داری ہے - جس پر ہم سب کو متفق ہونا چاہیے"۔

AAA نارتھ ایسٹ کے نائب صدر John Corlett (جان کورلیٹ) نے کہا، "جیسے ہی ہائی وے کی تعمیر کا سیزن زور و شور سے شروع ہوتا ہے، AAA ڈرائیوروں کو ورک زونز کے قریب آتے اور گاڑی چلاتے وقت اضافی

احتیاط برتنے کی ترغیب دیتی ہے۔ نیو یارک کی ریاستی سڑکوں پر ہر سال ورک زونز میں سینکڑوں مداخلتیں ہوتی ہیں۔ یہ بالکل ناقابلِ قبول ہے۔ AAA ڈرائیوروں کو ریاست کے 'موو اوور' قانون پر عمل کرنے کی بھی تاکید کرتی ہے جس کے تحت ڈرائیوروں کو سڑک کے کنارے رکی ہوئی گاڑیوں بشمول تعمیراتی گاڑیاں، ہنگامی گاڑیاں، ٹو ٹرک اور سڑک کے کنارے بند گاڑیوں کے قریب آتے وقت لین تبدیل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے"۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں